اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال: -مدرسۃ المدینہ آن لائن میں دن کی شفٹ (یعنی 8 سے 4 بجے) میں 1 سے 2 بجے تک وقفہ ہوتا ہے اگر کوئی اسلامی بھائی 8 بجے آئے اور 1 بجے کسی کام سے چلے گئے اور واپس نہیں آئے تو کیا جو وقفہ ہے اس کی کٹوتی ہو گی یا نہیں نیز اگر کوئی اسلامی بھائی آئے ہی 2 بجے تو کیا ان کا 1 سے 2 تک کا ٹائم وقتِ اجارہ میں شمار کیا جائے گا یا نہیں۔

جواب: -اگر کوئی اسلامی بھائی 8 بجے آئے اور 1 بجے چلے گئے اور بعد میں واپس نہیں آئے تو ان کی 1 سے 2 کے وقفے کی کٹوتی نہیں کی جائے گی، لیکن اگر کوئی اسلامی بھائی 2 بجے آئے اور 4 بجے چلے گئے تو ان کی 1 سے 2 کے وقفے کی کٹوتی ہو گی کیوں کہ وقفہ ان کے لئے نہیں ہوتا جو بعد میں آئے بلکہ وقفہ ان کیلئے ہوتا ہے جنہوں نے پہلے کام کیا ہے، لیکن یہ یاد رہے کہ اگر کوئی ایک بجے سے پہلے ہی ڈیوٹی چھوڑ گیا اور واپسی کا ارادہ نہیں تو اس کی کٹوتی وقفہ سمیت ہو گی۔

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور)(18-10-2016)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال : - افتاء مکتب میں یہ سوال پیشِ خدمت ہے مدرسۃ المدینہ آن لائن کے وہ اسلامی بھائی جو وقفے میں ظہر کی نماز پڑھانے کیلئے اپنی مساجد میں جاتے ہیں تو کیا ان کا نماز ظہر کیلئے جانا درست ہے یا نہیں اور اس میں اجارے پر اجارے والی صورت تو نہیں بنتی (جبکہ 1 سے 2 بجے تک طلبہ کو پڑھانے کی ترکیب نہیں ہوتی وقفہ ہی ہوتا ہے) ؟

جواب: ۲۔ وقفے کے دوران ظہر کی نماز کا اجارہ درست ہے۔ انس

(افتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور) (03-05-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ہوم کلاسز میں دوران اجارہ گھر سے دور مسجد مین نماز پڑھنا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال-: مفتی صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ موجودہ صورت حال میں کچھ مدرسین ہوم (گھروں) سے درجات لے رہے ہیں جن میں دوران اجارہ جماعت کیلئے ایسی صورت حال بھی ہے کہ مسجد قریب نہیں بلکہ دور بھی ہے لہٰذا مدرس کے آنے جانے میں اور نماز میں معمول سے زیادہ وقت لگے گا,ایسی صورت کے حوالے سے شرعی رہنمائی عطا فرما دیجئے کہ موجودہ صورت حال میں بھی کیا جماعت کیلئے جانا ہوگا؟ نیز مجلس کی طرف سے ایسی صورت میں درجے کو مینج کرنے کے حوالے سے بھی رہنمائی عطا فرمادیجئے۔

جواب-: جتنا وقفہ پہلے دیا جاتا تھا اتنے وقفے میں نماز پڑھے زیادہ کی صورت میں کٹوتی کروائے۔ مسجد زیادہ دور ہو تو جماعت لازم نہیں ہوتی۔ (مفتی محمد انس مدنی)

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (09-Jul-2020)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

دار الافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے کہ ہماری برانچز میں وقفہ دن 1:00 سے 2:00 بجے ہوتا ہے اور بعض جگہوں پر مدرسۃ المدینہ آن لائن سے متصل جو مسجد ہے وہاں جمعہ کی اذان 12:30 یا 1 بجے سے پہلے ہو جاتی ہے تو کیا ایسی صورت میں جمعہ کی اذان کے بعد مدرسۃ المدینہ آن لائن لائن کے اجیر اسلامی بھائیوں کیلیئے سلسلہ جاری رکھنا کیسا؟ (کیوں کہ تمام طلبہ کا ٹائم فِکس ہوتا ہے اور جو طالب علم 12:30 سے 1:00 بجے تک پڑھ رہے ہیں وہ 1:30 سے 2:00 بجے تک نہیں آ سکتے 12:30 سے 1:00 بجے تک ہی انہیں پڑھنا ہوتا ہے اور 1:30 سے 2:00 بجے تک مدرس اسلامی بھائی فارغ ہی رہیں گے) کیوں کہ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے رسالے فیضانِ جمعہ کے صفحہ 35 پر ہے کہ """ پہلی اذان کے ہوتے ہی (نمازِ جمعہ کے لئے جانے کی) کوشش (شروع کر دینا) واجب ہے اور بیع (یعنی خرید وفروخت) وغیرہ ان چیزوں کا جو سَعی (کوشش) کے منافی ہوں چھوڑ دینا واجب ہے """۔

برائے کرم اس حوالے سے رہنمائی فرمادیجئے۔

جواب: پہلی اذان کے بعد کاروبار اور دیگر کام اس وقت حرام ہوں گے جب اس مسجد میں پہلی اذان ہو جہاں مدرسین نے جمعہ پڑھنا ہے۔ عمومی طور پر دعوت اسلامی کی مساجد میں پہلی اذان لیٹ ہوتی ہے ورنہ ان سے کہہ کر اذان لیٹ کروای جاءے۔ بہر حال اگر ساڑھے بارہ بجے اس مسجد میں پہلی اذان ہو گی جہاں مدرسین نے جمعہ پڑھنا ہے تو اب کوئی اور کام نہیں کر سکتے بس جمعہ کی تیاری ہو گی۔ یہ جو آپ نے کہا ہے کہ مدرسین فارغ بیٹھے رہیں گے اس پر شرعی حکم یہ ہے کہ مدرسین کا فارغ بیٹھنا بھی درست نہیں بلکہ وہ جمعہ کی تیاری کریں گے۔ انس

(افتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور) (15-4-2017)

نماز کے وقفے کے حوالے سے مدنی پھول

السّلام علیکم ورحمۃُ اللہ وبرکاتُہ

مدرسۃ المدینہ آن لائن میں پڑھانے والے وہ اسلامی بھائی کہ جن کے اجارہ اوقات کے دوران نماز فجر، عصر، مغرب اور عشاء آتی ہے توسب کے تعلق سے یہ مدنی پھول طے ہوا ہے کہ ان کو نماز کا وقفہ 12 منٹ، 15 منٹ یا20 منٹ دیا جائے گا اور یہ دورانیہ کا وقفہ نہیں بلکہ نماز کا وقفہ ہو گا لہٰذا نماز پڑھتے ہی تمام اسلامی بھائی واپس آنے کے پابند ہوں گے. برانچ ناظمین، شفٹ ناظمین اور مفتشین اسلامی بھائیوں کی یہ ذمہ داری ہو گی کہ وہ چیک کریں کہ اگر کوئی اسلامی بھائی نماز پڑھنے کے بعد دیگر مصروفیات میں رہتے ہیں یا دیگر جگہ وقت ضائع کرتے ہے تو ان کی اصلاح فرمائیں اسی طرح اگر غالب اکثریت ایک وقت تک نماز مکمل پڑھ لیتی ہے اور کوئی اسلامی بھائی بہت لیٹ نماز پڑھتے ہیں تو اس حوالے سے ناظمین اسلامی بھائی اپنے زون ذمہ دار یا رکن مجلس سے رہنمائی لے کر ان کے بارے میں فیصلہ کریں گے۔

نوٹ: جن طلبہ کی کلاسز کے دوران نماز کا ٹائم آجائے تو ان کیلئے پہلے طالب علم یا بعد میں آنے والے طالب علم کے کچھ منٹ لے لئے جائیں اور ہر طالب علم کی کلاس کم از کم 20 منٹ لازمی ہو اس بات کا ضرور خیال رکھیئے۔

کھانے وغیرہ کے حوالے سے سولات مع جوابات

سوال: - مدرسۃالمدینہ آن لائن میں دورانِ درجہ بعض اوقات اسلامی بھائی چائے کے ساتھ بسکٹ کی بھی ترکیب کرتے ہیں تو بعض اسلامی بھائی نمکو، سموسہ، برگر، شوارما، جوس، بوتل، اور اس جیسی چیزوں کے کھانے کی اجازت چاہتے ہیں تو کیا مدرسین کو دوران درجہ ان چیزوں کے کھانے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟ نیز جب مدرس پڑھا نہیں رہے بلکہ فری وقت میں مطالعہ فرمارہے اور کوئی اور درجہ بھی نہیں کہ جہاں انکی خدمات لی جاسکیں تو اس وقت میں ان کو یہ چیزیں کھانے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟ اور چونکہ ناظمین کی ذمہ داری تدریس کی نہیں ہوتی ان کیلئے چائے کے ساتھ نمکو یا بسکٹ وغیرہ کھانے کی اجازت ہے یا نہیں؟ برائے کرم ان تمام صورتوں کے حوالے سے شرعی رہنمائی فرمادیں۔ جزاک اللہ خیرا

جواب:

دوران اجارہ پڑھاتے وقت صرف چائے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ پہلے ناشتہ نہ کرنا اور اجارہ کے وقت آ کر ہی برگر شوارما وغیرہ کھانے کا معمول بنانا درست نہیں۔ تدریس کے دوران کھانا غیر سنجیدگی کی علامت ہے طالب علم پر بھی اچھا اثر نہیں پڑتا کہ پڑھانے کے دوران آوازیں بھی جاتی ہیں اور فری ٹائمنگ یا فارغ اوقات میں اگر کوئی اسلامی بھائی کھانا چاہے تو حرج نہیں۔

سوال: اب تک جو مدرسین اسلامی بھائی کبھی فری ٹائمنگ میں کھانے کی ترکیب کرتے تھے اور دوران درجہ بھی چائے کے ساتھ بسکٹ وغیرہ کھاتے تھے ان کی رہنمائی عطا فرمادیں کہ کیا درج ذیل صورتوں میں ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

(1) کہ جو دوران درجہ بسکٹ وغیرہ تناول فرماتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

(2) جو فری ٹائمنگ میں برگر شوارما، یا ایسی چیزیں جنہیں کھانا کہا جاسکے کھاتے پیتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

جواب: فری وقت میں تو کٹوتی نہیں ہو گی لیکن دوران درجہ کھانے کی عادت پر کٹوتی ہو گی۔

انس رضا عطاری۔ افتاء مکتب لاہور

27 جنوری 2018

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:-

ہمارے ہاں مدرسۃالمدینہ آن لائن میں 30 منٹ کا درجہ ہوتا ہے اگر اذان ہو جائےاور مدرس اسلامی بھائی درجہ موقوف کر کے اذان کا جواب دیں تو یہ 4 سے 5 منٹ طالب علم کے ہی کٹتے ہیں حالانکہ نماز کی تیاری تو انہوں نے کرنی ہی ہوتی ہے اگر مدرس اسلامی بھائی درجہ پڑھانے کے ساتھ ساتھ زیرِ لب اذان کا جواب بھی دیتا رہے تو شرعاً حرج تو نہیں ہے .برائے کرم اس کی شرعی رہنمائی فرما دیجئے جزاک اللہ خیرًا)

افتاء مکتب کا جواب:

اگر اذان اہل سنت وجماعت مسجد سے ہورہی ہے اور پہلی ہی اذان ہے تو پڑھانا چھوڑ کر جواب دینا چاہیے،دوران اذان پڑھانا دیکھنے والوں اور طلباء کو بھی معیوب لگے گا دو چار منٹ جواب دینے میں حرج نہیں اور نہ ہی کٹوتی ہوگی۔

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (15-02-2019)

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال :-

افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے کہ مدنی مذاکروں کے مدنی پھول جو کابینہ مکتب سے آتے ہیں یا مرکزی مجلس شوریٰ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول یا سطرح کے دیگر مدنی پھول جو تشریف لاتے ہیں تو کیا ہمارے برانچ ناظمین یا شفٹ ناظمین ان کا اپنے اجارہ اوقات میں مطالعہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: فارغ وقت میں کر سکتے ہیں۔ انس

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (24-02-2017)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال: - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے کہ مدنی مذاکروں کے مدنی پھول جو کابینہ مکتب سے آتے ہیں یا مرکزی مجلس شوریٰ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول یا سطرح کے دیگر مدنی پھول جو تشریف لاتے ہیں تو کیا ہمارے برانچ ناظمین یا شفٹ ناظمین ان کا اپنے اجارہ اوقات میں مطالعہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب:-

فارغ وقت میں کر سکتے ہیں۔

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (24-02-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال: - افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن میں کیا اسلامی بھائی اپنا موبائل چارج کر سکتے ہیں یا نہیں (ناظمین اسلامی بھائیوں کو موبائل میں وٹس اَپ چلانے کی اجازت و ضرورت ہے جبکہ مدرسین کا موبائل پر شعبے کے حوالے سے کوئی کام نہیں ہے) برائے کرم دونوں کیلئے موبائل چارج کرنے کا حکم ارشاد فرمادیجئے ؟

جواب: -مدرسہ کے متعلقہ اسلامی بھائی چاہے وہ استاد ہوں یا ناظم ان کو ضرورۃً کبھی کبھار موبائل چارج کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے ہاں عادت نہ بنائی جائے اور جتنا ہو سکے بچا جائے۔

(افتاء **مکتب** مرکزالاولیاء لاہور)(05-01-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افتاء آفس میں عرض ہے کہ شفٹ عطاری (جو رات 8 سے 2 بجے تک ہوتی ہے) میں خادم اسلامی بھائی کے رخصت پر ہونے کی وجہ سے اپنے فری ٹائم میں مدرس، یامدنی عملے میں سے کوئی اسلامی بھائی دودھ یا برانچ کیلئے پینے کا پانی لائے اور مدرس اپنے فری ٹائم میں یا مدنی عملے کا اسلامی بھائی تمام مدرسین کیلئے چائے بنائے تو کیا اس کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

جواب: نہیں ہو گی اگر فری وقت ہے۔۔انس

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (28-10-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افتاء مکتب سے رہنمائی لینے سے پہلے مدرسین اسلامی بھائی کبھی فری ٹائمنگ میں کھانے کی ترکیب کرتے تھے اور دوران درجہ بھی چائے کے ساتھ بسکٹ وغیرہ کھاتے تھے ان کی الگ الگ رہنمائی فرمادیں

(1) کہ جو دوران درجہ بسکٹ وغیرہ تناول فرماتے رہے ان کی کٹوتی ہوگی یا نہیں (کیونکہ فری ٹائمنگ جس میں طالب علم چھٹی وغیرہ پر ہوں اس وقت میں تو ہلکا پھلکا کھانے کی اجازت ہے، مگر دوران درجہ افتاء مکتب نے منع فرمایا ہے

(2) جو فری ٹائمنگ میں برگر شوارما، یا ایسی چیزیں جنہیں کھانا کہا جاسکے کھاتے پیتے رہے ان کی کٹوتی ہوگی یا نہیں

جواب:فری وقت میں تو کٹوتی نہیں ہوگی اور دوران اجارہ اگر ٹی کے ساتھ بسکٹ فقط ہوں تو کٹوتی نہیں لیکن پورا کھانا کھانا اور اس کی عادت بنالینے پر کٹوتی ہوگی۔انس

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (28-10-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

دار الافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

افتاء مکتب میں عرض یہ ہے

ہمارے کچھ طالب علم ایسے ہوتے ہیں کے ان کی ملکی زبان کوئی اور ہوتی ہے جس کی وجہ سے ان کو عربی کے کچھ حروف ادا کرنا کافی مشکل ہوتا ہے اور اس میں عمومی طور پر دو طرح کے طلبہ ہوتے ہیں:

1: وہ طلبہ جن کے مدرس اسلامی بھائی کافی کوشش کرتے ہیں اجرا کرواتے اور کافی محنت کرواتے ہیں اور امید کی جاسکتی ہے کے چند ماہ میں حروف کی ادائیگی درست ہو جائے گی (ایسی صورت حال میں مدرس اسلامی بھائی کیا اس غلطی پر بار بار ان کو روکتے رہیں یا ان کو بار بار نہ روکیں، کیوں کے بار بار روکنے سے بعض دفعہ طالب علم ناراض ہوتے اور دل برداشتہ ہو جاتے ہیں)۔ اس حوالے سے شرعی رہنمائی عطا فرمادیں۔

2: وہ طلبہ جن کے مدرس اسلامی بھائی کافی کوشش کر چکے اور اجرا کرواتے رہے اور امید تھی کے چند ماہ میں حروف کی ادائیگی درست ہو جائے گی مگر طالب العلم کافی ماہ کوشش کے باوجود حرف کو حرف سے بدلنا اور حرف کی درست ادائیگی نہیں کر پاتا اور مدنی قاعدہ بھی اسی طرح مکمل کر چکے ہیں تو کیا ان کو قرآن پاک شروع کروایا جائے یا نہ کروایا جائے اس پر شرعی رہنمائی درکار ہے

درجہ ذیل طلبہ کی صورت حال پر چند سوالات عرض ہیں:

1: کیا ایسے طلبہ امامت کرواسکتے ہیں؟

2: کتنے ماہ ایک غلطی کو درست کروایا جائے اور وہ غلطی درست نہ ہو تو یہ طالب علم اس غلطی کے حوالے سے معذور شرعی کرار دیا جائے گا؟

3: کیا ایسے طلبہ کسی اور کو قرآن پاک پڑھا سکتے ہیں؟

جواب: جس کے مخارج ٹھیک نہیں یعنی لحن جلی ہے وہ امامت نہیں کرواسکتا۔

گاہے بگاہے ان طلباء کی اصلاح کرتے رہیں اگر پھر بھی ان سے صحیح ادا نہ ہو تو قرآن پڑھانا جاری رکھیں۔

(افتاء مکتب لاہور) (5-12-2018)

خادمین سے کام کروانے کے حوالے سے افتاء مکتب سے سوال مع جواب

سوال:-

افتاء مکتب میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن میں جو خادمین اسلامی بھائی رکھے جاتے ہیں ان کے کام کچھ اس طرح ہوتے ہیں مثلاً آفس کی صفائی کرنا جدول کے دوران جو کھانے کا ٹائم آئے تو کھانا لگانا برتن اٹھانا چائے بنانا پلانا یا شعبے کے لئے کسی چیز کی ضرورت ہو تو وہ چیز منگوانا وغیرہ تو اسی دوران جب کھانے کا یا چائے کا وقت ہو تو مدنی عملے کے اسلامی بھائی مدرسین وغیرہ اپنے لئے ایسے وقت میں کوئی چیز منگوانا چاہیں جب وہ کسی جدول میں مصروف نہ ہو فارغ بیٹھے ہو تو کیا ان کو بھیجا جاسکتا ہے یا نہیں اور ان کو بھیجنے میں کوئی حرج تو نہیں ہے ؟

جواب :-

ذاتی کام جس کا عرف ہو صرف وہ کرواسکتے ہیں یہ نہیں کہ گھر کا بل جمع کروانے یا بچے لانے کے لیے خادم کو بھیج دیں۔

(افتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور) (21-01-2019)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

افتاء مکتب سے لی گئی شرعی رہنمائی

(لحن جلی، لحن خفی، دوران اجارہ سو جانا، شرعی مسائل بتانے میں غلطی)

مسئلہ: اگر کسی طالب علم کی لحن جلی یا حفی ہوتی ہے اور مدرس اسلامی بھائی اسکی اصلاح نہیں کر پاتے ہیڈ فون کی پرابلم یا نیٹ پرابلم یا کسی کے سلام کا جواب دینے کی صورت میں یا محض سستی کی صورت کی وجہ سے تو اس صورت میں شریعت ہماری کیا رہنمائی فرماتی ہے۔

جواب: اگر طالب علم کی طرف سے لحن جلی آتی ہے اور مدرس اسکی نیٹ پرابلم یا کسی وجہ سے آواز نہیں سن پایا تو اس پر پوچھا جائے اور مدرس کے اس عذر کو قبول کیا جائے اور اگر مدرس بغیر کسی وجہ سے وجہ سے اصلاح نہیں کرتا تو اس صورت میں ان سے وضاحت کی جا سکتی ہے لیکن اسکی وجہ مدرس کی سالانہ کارکردگی کمزور نہ کی جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی مدرس اسلامی بھائی دوران اجارہ پڑھاتے پڑھاتے سو جاتے ہیں یا طالب علم موجود نہیں تھے اور مدرس اسلامی بھائی بیان سنتے یا مطالعہ کرتے سو گئے تو صورت میں کیا ترکیب بنائی جائے نیز اگر دن کی شفٹ ہے تو کیا صورت ہو گی اور اگر رات کی شفٹ ہے تو پھر کیا صورت ہو گی۔

جواب: دوران اجارہ اوقات چاہے درجہ پڑھا رہے ہوں یا فارغ بیٹھے ہوں دونوں صورتیں ناجائز نہیں اور تسلیم نفس کے خلاف ہیں لہٰذا اس صورت میں مدرس سے پہلی بار وضاحت اگر دن کی شفٹ ہے تو دوسری بار پر تفہیم کی ترکیب کی جائے اور اگر رات کی شفٹ ہے تو دوسری بار وضاحت اور تیسری بار تفہیم کی ترکیب کی جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی جامعۃ المدینہ آن لائن یا مدرسۃ المدینہ آن لائن کے مدرس شرعی مسئلہ بتاتے ہوئے خطاء کر جاتے ہیں تو اس صورت میں کیا لائحہ عمل طے کیا جائے کیا اس صورت ان کی کارکردگی کمزور کی جا سکتی ہے یا تفہیم کی صورت بنائی جا سکتی ہے۔

جواب: اس میں مسئلہ کی کیفیت اور مدرس کی وضاحت کو دیکھ کر ہی فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ بعض صورتوں میں تفہیم اور بعض میں فراغت کیہ جا سکتی ہے اور بعض میں رعایت کی صورت بھی ہوتے بہر حال ہر صورت میں وضاحت کی ترکیب کی جا سکتی ہے۔

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوت اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دار الافتاء اہلسنت کی خدمت میں کیئے گئے 2 سوالات مع جوابات حاضر ہیں

مسئلہ نمبر:1

مدرسۃ المدینہ آن لائن میں کچھ وجوہات کے پیش نظر مجلس یہ طے کرنا چاہتی ہے کہ اسلامی بھائیوں کو نمازوں کا وقفہ مخصوص دیا جائے مثلاً نمازِ فجر کا وقت جماعت سے 4 منٹ پہلے اور جماعت کے وقت کے 11 منٹ بعد تک، نماز عصر کا وقت جماعت سے 3 منٹ پہلے اور جماعت کے وقت کے 12 منٹ بعد تک، نماز مغرب کا وقت جماعت سے 2 منٹ پہلے اور جماعت کے وقت کے 13 منٹ بعد تک، اور نمازِ عشاء کا وقت جماعت سے 3 منٹ پہلے اور جماعت کے وقت کے 12 منٹ بعد تک، وتر اور سنتیں شفٹ کے اختتام پر ادا فرمائیں (رات 2 بجے شفٹ کا اختتام ہو جاتا ہے)، کیا اسطرح نمازوں کے وقفوں کے اوقات مخصوص کرنا جائز ہے یا نہیں؟ کیوں کہ اگر ہم نماز کیلئے وقفہ اس سے زیادہ دیتے ہیں تو ہمارا مکمل آدھے گھنٹے کا درجہ چھوٹ جاتا ہے حالانکہ نماز پڑھنے کے فوراً بعد آنے سے ایک درجے کی کچھ ترکیب بن سکتی ہے اور اب چونکہ طلبہ فیس دے رہے ہیں تو پورے آدھے گھنٹے کا درجہ نہ ہونا نقصان دِہ ہے۔ دوسرا یہ کہ ہر نماز میں آدھے گھنٹے کا وقفہ دینے کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ جب شفٹ میں نماز کا وقفہ آتا ہے تو طالب علم کو کسی دوسری برانچ میں بھیجنا پڑتا ہے یوں بھی مدرسین تبدیل ہونے کی وجہ سے طلبہ چھوڑ کر چلے جاتے ہیں یعنی رات 8 سے 2 کی شفٹ میں جب عشاء کا وقت سردیوں میں 8 سے پہلے آ جاتا ہے تو اِس شفٹ کے مدرسین کو 1 نئے طالب علم دیئے جاتے ہیں جبکہ گرمیوں میں جب عشاء 8 کے بعد آتی ہے تو 1 طالب علم کو کسی دوسری برانچ میں ایڈجسٹ کرنا پڑتا ہے۔

جواب نمبر:1

مذکورہ بیان کردہ ٹائمنگ کے مطابق سیٹنگ کر سکتے ہیں جبکہ اس میں ملازمین کا وضو کرنے کا وقت انتہائی کم نہ ہو کیونہ جماعت سے دو چار منٹ پہلے تو فقط سنتیں ہی پڑھی جا سکتی ہیں وضو کا ٹائم نہیں ملتا۔

مسئلہ نمبر:2

اگر مدنی منّا دورانِ کلاس جلدی جانے کی چھٹی مانگے یا میسج کے ذریعے مکمل کلاس کی چھٹی طلب کرے تو کیا کیا جائے جبکہ اجارہ ان کے والدین سے کیا ہوا ہے تو کیا اس طرح مدنی منے کو رخصت مانگنے پر چھٹی دے دینا جائز ہوگا یا نہیں برائے کرم رہنمائی فرما دیجئے؟

جواب نمبر:2

اگر کام نہیں ہے تو کبھی کبھار دو چار منٹ پہلے بچے کو چھٹی دے سکتے ہیں کہ اس کا عرف ہے زیادہ نہیں۔

افتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور (05-09-2016)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ○ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- سوال نمبر 1: افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے ہماری ایک شفٹ بنام شفٹ ضیائی جس کا وقت صبح 6 سے 10 تک ہے اور آجکل فجر کی جماعت کا وقت 6 بجے ہے جبکہ ہماری مجلس کیطرف سے فجر کی نماز کیلئے وقفہ) افتاء مکتب کی اجازت کے بعد 6:11 (تک طے کیا گیا ہے اگر کوئی اسلامی بھائی گھر سے ہی نماز پڑھ کر آئیں اور 6:11 تک مکتب میں دیگر اسلامی بھائیوں کے ساتھ ہی پہنچ جائیں اور وقت پر ہی اپنا درجہ شروع کریں تو کیا ان کی 11 منٹ کی کٹوتی ہو گی یا نہیں؟

جواب:- اس صورت میں کٹوتی نہیں ہو گی۔

سوال نمبر 2: اِسی طرح اِسی شفٹ میں اگر فجر کی جماعت کا ٹائم 6:10 ہے اور مجلس کی طرف سے فجر کی نماز کیلئے وقفہ 6:06 سے 6:21 تک ہے اگر کوئی اسلامی بھائی 6 بجے مکتب میں نہ آئیں اور گھر سے ہی نماز پڑھ کر آئیں اور دیگر اسلامی بھائیوں کے ساتھ 6:21 تک مکتب میں پہنچ جائیں تو ان کی 21 منٹ کی کٹوتی ہو گی یا 6 منٹ کی؟

جواب:- اس صورت میں اکیس منٹ کی کٹوتی ہو گی کیونکہ پورے چھ بجے ڈیوٹی پر آنا ضروری ہے۔

(افتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور) **25-11-2016**

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

آذان اول کے بعد کھانا کھانا اور ایک یا دو اسلامی بھائیوں کیلئے اے،سی چلانا کیسا

سوال:- سوال نمبر 1 :افتاء مکتب میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے اجیر اسلامی بھائیوں کیلئے جمعہ کی پہلی اذان کے بعد کھانا آگیا تو کیا وہ کھا کر جمعے کیلئے جا سکتے ہیں یا کھائے بغیر ہی جمعے کیلئے جانا ضروری ہے جبکہ اگر کھانا جمعے کے بعد کھائیں تو اگلے طالب علم کی کلاس متاثر ہو گی۔

سوال نمبر 2 :افتاء مکتب میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے آفسز میں اے سی لگا ہوا ہے جو کہ معلوم یہ کرنا ہے کہ اگر کوئی کمرہ مکمل بند ہے اور ہوا کے کراس کا ذریعہ نہیں ہے ایسی صورت میں کمرے کا دروازہ کُھلا رکھنے پر بھی گرمی اور حبس رہتی ہے اس صورت میں ایک یا دو اسلامی بھائی سسٹم آن کرکے ہی بیٹھے ہوئے ہوں تو کیا کچھ دیر اے سی آن کر سکتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آزمائش نہ ہو؟

جواب: پہلی اذان کے بعد کھانے نہیں کھا سکتے۔

ایک دو اسلامی بھائی اجارہ وقت میں اگر بیٹھے ہیں اور تدریس کر رہے ہیں تو اے سی چلا سکتے ہیں۔۔انس

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (7-07-2018)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال: - افتاءمکتب کی خدمت میں سوال حاضر ہے کہ ایک اسلامی بھائی اپنے بھتیجے کو ہمارے ہاں مدرسۃالمدینہ آن لائن میں ایڈمیشن دلانے کے متمنی ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کو اس کلاس میں نعت خوانی سکھائی جائے تو اس کے لئے ہم ان کو کلاس دے سکتے ہیں؟ کیا اس بات پر ان سے اجارہ کرنے اور فیس لینے کی ترکیب بنائی جا سکتی ہے؟

جواب: نعت خوانی سکھانے پر اجرت لینا دعوت اسلامی کے اصولوں میں نہیں ہے۔ انس

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (7-8-2017)

مدرسۃ المدینہ آن لائن
Madarsa-Tul-Madina Online
Dawat-e-Islami

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

جامعۃ المدینہ آن لائن
JAMIA-TUL-MADINA ONLINE
Dawat-e-Islami

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال: افتاء مکتب میں یہ سوال پیشِ خدمت ہے کہ 6 گھنٹے کی شفٹ میں قضائے حاجت کیلئے 5،5 منٹ کیلئے کتنی بار جانے کی اجازت ہے کہ کٹوتی نہیں ہو گی ؟

جواب: قضاءے حاجت کے سبب کٹوتی نہیں ہوتی۔ کتنی بار جانے کا جہاں تک مسئلہ ہے تو عموما چھ آٹھ گھنٹوں کے دوران دو تین مرتبہ حاجت ہونا عرف ہے۔ اگر کوءی اس سے بھی زاءد جاتا ہے تو کتنی دیر لگاتا ہے، کتنی مرتبہ جاتا ہے اس کی وضاحت ہو گی تو حکم لگ سکے گا۔ انس

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (03-05-2017)

جواب ثانی:

پچھلے دنوں آپ کی طرف سے ایک سوال پوچھا گیا تھا کہ ایک مدرس کو بار بار قضائے حاجت کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ دن بھر میں کافی وقت اس حوالے سے لگاتا ہے۔ اس حوالے سے مشاورت ہونے کے بعد یہ طے ہوا ہے کہ ایک آدھ مرتبہ ایسا ہو تو کوئی حرج نہیں لیکن اگر یہ تواتر کے ساتھ ہو رہا ہے تو کٹوتی ہونی چاہیے اور طالب علم کو جتنا وقت کم دیا ہے اتنی فیس بھی کم لینی چاہیے۔

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (06-07-2020)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- افتاء مکتب کی خدمت میں عرض ہے کہ ہمارے بہت سارے مکاتب میں ہاتھ دھونے کیلئے صابن استعمال کیے جاتے ہیں بعض اسلامی بھائیوں کا کہنا ہے کہ سیف گارڈ اور لکس کا صابن استعمال کرنا منع ہے آپ کی خدمت میں عرض ہے کہ اس کی شرعی رہنمائی فرمادیجئے کہ ان صابن میں کوئی ایسی چیز تو استعمال نہیں کی جاتی جس کا شرعاً استعمال جائز نہیں۔

جواب:-

کوئی منع نہیں ۔

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور)(11-22-2016)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال : - افتاء مکتب میں یہ سوال پیش خدمت ہے سکائپ پر Salam کے جواب میں w salam یا w s شارٹ لفظ لکھنا کیسا ہے؟

جواب: سلام لکھ سکتے ہیں۔ انس

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (22-05-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)

Madrasatul Madina Online
(Dawate Islami)